بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم و علی عبدہ المسیح الموعود
Association Musulmane Ahmadiyya de France

شعبہ تعلیم
Département Ta'alîm

ٹائیٹل بار دوم

الحمد للہ والمنۃ

کہ رسالہ شافیہ کافیہ جو مخالفون پر حجت اللہ اور موافقون کیلئے موجب ازدیاد تسلیمان و عرفان ہے

موسوم بہ

نشان آسمانی

جسکا دوسرا نام

شہادۃ الملہمین

بھی ہے

اینست نشان آسمانی + شاہد شکن گر تو زنی

اے منکر مسیح زمان + تا چند کنی ز بدگمانی

از تالیفات امام ہمام مہدی و مسیح موعود مجدد الوقت حضرت میرزا غلام احمد صاحب قادیانی

بماہ جنوری ۱۸۹۶ء بمطبع ضیاء الاسلام قادیان دار الامان مین چھپا

قیمت فی جلد ۳ / بار دوم تعداد ۷۰۰

بسم الله الرحمن الرحيم

نحمده و نصلی علی رسولهِ الکریم

Présentation du livre *Nishané Asmani*

« Les Signes Célestes »

À la fin mai 1892, Hazrat Mirza Ghulam Ahmad de Qadian, le Messie Promis et Mahdi attendu علیہ السلام, rédigea le livret *Nishané Asmani* (« Les signes célestes »), également appelé *Shahdatoul Mulhamine* (« Les témoignages des récipiendaires de révélation »), publié une première fois en juin 1892, puis en 1896 de son vivant.

Dans cet ouvrage, il cite les prophéties du Saint Prophète Muhammad ﷺ, de Shah Naimatullah Wali رحمۃ اللہ علیہ et de Gulab Shah, qui témoignent de la véracité de sa revendication.

La prophétie de Shah Nai'matullah Wali رحمۃ اللہ علیہ

Parmi les éminents saints de l'Inde figure Shah Nai'matullah Wali رحمة الله علیه, originaire des environs de Delhi. Le Messie Promis علیہ السلام écrit : « Selon les indications contenues dans son recueil de poésie, son époque est située en l'an 560 de l'Hégire », ce qui correspond à l'année 1164 du calendrier grégorien. Sa prophétie est également mentionnée dans l'ouvrage, publié en 1828, de Shah Ismaïl Dehlavi, *Arba'ine fi Ahwal al-Mahdiyyine* أَرْبَعِينَ فِي أَحْوَالِ الْمَهْدِيِّين.

Voici quelques vers de cette prophétie, accompagnés de l'explication donnée par le Messie Promis علیہ السلام.

چوں زمستان بے چمن بگذشت   شمس خوش بہارے بینم

« Lorsque l'automne du XIII^e siècle sera passé, le soleil du printemps se lèvera à l'aube du XIV^e siècle ; autrement dit, un réformateur de l'époque (*Mudjaddid*) fera son apparition.

دور او چوں شود تمام بکام   پسرش یادگاری بینم

Lorsque le cours de sa vie sera arrivé à son terme, Dieu Tout-Puissant lui accordera un fils pieux, qui suivra son exemple et sera imprégné de ses qualités spirituelles.

Il sera ainsi, après lui, le dépositaire de son héritage. Cela correspond à la prophétie que cet humble serviteur avait formulée au sujet de la naissance d'un fils.

احم ودال می خوانم   نام آن نامدار می بینم

Il m'a été révélé, par voie de vision spirituelle, que le nom de cet Imam sera "Ahmad".

مهدي وقت وعیسی دوران   هر دورا شهسوار می بینم

Il sera à la fois le Mahdi et le Messie, réunissant en sa personne ces deux qualités et les manifestant toutes deux… Or, il est évident que, depuis treize siècles jusqu'à nos jours, nul ne s'est déclaré tel, si ce n'est cet humble serviteur, qui affirme : Je suis le Messie Promis. »

La prophétie du derviche Gulab Shah

Voici un extrait de la déclaration sous serment de M. Karim Bakhsh, disciple du derviche Gulab Shah, au sujet de la prophétie de ce dernier : « Je fréquentais assidûment Gulab Shah et bénéficiais de sa compagnie et de son enseignement spirituel… Un jour, ce vénérable derviche me dit : "Jésus est devenu un jeune homme et viendra à Ludhiana. Il mettra en évidence les erreurs [que certains attribuent] au Coran et rendra son jugement à la lumière du Coran." Puis il ajouta : "Il rendra son jugement selon le Coran, mais les mollahs le rejetteront…" Je lui demandai alors : "Jésus est devenu jeune, certes, mais où se trouve-t-il ?" Il répondit : "À Qadian"…

Puis, il déclara de lui-même et répéta à trois reprises : "Ce Jésus qui doit venir s'appellera Ghulam Ahmad." »

Moyen de dissipation de doute

S'adressant à ceux qui recherchent sincèrement la vérité, le Messie Promis علیہ السلام déclare : « Commencer par se repentir sincèrement, puis qu'il accomplisse, durant la nuit, deux unités de prière (rak'at) : qu'il récite la sourate Ya-Sin dans la première et, dans la seconde, la sourate Al-Ikhlas à vingt et une reprises. Ensuite, qu'il récite trois cents fois la prière sur le Saint Prophète (*doroud*) et trois cents fois la demande de pardon (*istighfar*), puis qu'il adresse à Dieu Tout-Puissant l'invocation suivante : "Ô Tout-Puissant, ô Très-Généreux ! Tu connais les réalités cachées,

tandis que nous ne les connaissons pas. Rien ne peut T'être caché : ni celui qui est agréé, ni celui qui est rejeté, ni l'imposteur, ni le véridique. Nous T'implorons donc humblement : quelle est, à Tes yeux, la condition de cet homme qui se proclame Messie Promis, Mahdi et *Mujaddid* de son époque ? Est-il véridique ou menteur ? Est-il agréé ou rejeté ? Par Ta grâce, fais-nous connaître sa véritable condition par un rêve, une vision spirituelle (kashf) ou une révélation.

S'il est rejeté par Toi, préserve-nous de l'égarement afin que nous ne soyons pas induits en erreur en le suivant. Mais s'il est agréé et vient de Ta part, préserve-nous également de périr en le rejetant ou en l'insultant. Protège-nous de toute forme de tentation et d'épreuve, car toute puissance T'appartient. Amine. »

Djihad de la plume

Dans cet ouvrage, le Messie Promis علیہ السلام évoque à deux reprises son djihad par la plume. Il déclare :

« J'ai résolu de reprendre désormais la plume et de ne plus la déposer jusqu'à ce que Dieu Tout-Puissant ait pleinement établi la preuve contre les adversaires, tant intérieurs qu'extérieurs, et qu'Il ait, par l'arme de la vérité messianique, réduit à néant la fausse réalité du Dajjâl. »

Puis il déclare : « Cet Imam sera le Sultan de la plume et que sa plume accomplira la fonction de(l'épée) Dhu'l-Fiqar. Cette prophétie est, mot pour mot, la traduction de la révélation que j'avais reçue dix ans auparavant et qui avait déjà été publiée dans le Barahiné Ahmadiyya. La voici : « le livre de ce saint sera ce que Dhu'l-Fiqar était pour 'Ali. »

Parmi les lettres adressées à plusieurs fidèles dévoués afin de solliciter leur contribution à la réimpression du livre Signes Celestes, les résumés de certaines réponses ont été publiées. Parmi celles-ci figurent les lettres de Hazrat Maulvi Sayyad Tafazzul Husain رضی اللہ عنہ, de Hazrat Nawab Muhammad Ali Khan رضی اللہ عنہ, de Hazrat Hakim Fazl Din Bherwi رضی اللہ عنہ ainsi que de Hazrat Maulvi Hakim Noor-ud-Deen رضی اللہ عنہ, médecin dans l'État du Jammu.

Statut élevé de Hazrat Maulvi Noor-ud-Deen رضی اللہ عنہ

Le Messie Promis علیہ السلام déclara : « Qu'Allah Tout-Puissant multiplie, au sein de cette communauté, les hommes doués de telles qualités et d'un tel courage, autant que possible. Amine, puis encore Amine. »

Puis il déclara :

چہ خوش بودے اگر ہر یک زامت نور دین بودے
ہمیں بودے اگر ہر دل پراز نور یقین بودے

Quel bonheur ce serait si chaque membre de la communauté devenait semblable à Noor-ud-Deen et si le cœur de chacun était rempli de la lumière de la certitude !

À la fin de cet ouvrage sont mentionnés quarante noms d'éminents savants, érudits et soufis qui avaient reconnu Hazrat Mirza Ghulam Ahmad de Qadian علیہ السلام comme le Messie Promis et le Mahdi Attendu, ainsi que comme le réformateur du quatorzième siècle. Convaincus que Jésus, fils de Marie علیہ السلام, était décédé, ils reconnaissaient également de tout cœur le Saint Prophète Muhammad ﷺ comme le Sceau des prophètes.

شعبہ تعلیم
Département Ta'alim

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمده و نصلی علی رسولہ الکریم

تعارف۔ رسالہ نشان آسمانی

مئی 1892ء کے آخر میں حضرت مرزا غلام احمد قادیانی، مسیح موعود و مہدی معہودؑ نے رسالہ ’’نشانِ آسمانی‘‘ جس کا دوسرا نام "شہادت الملہمین" ہے تحریر فرمایا۔ یہ رسالہ پہلی دفعہ جون 1892ء میں شائع ہوا پھر آپ کی زندگی میں ہی دوسری بار 1896ء میں شائع ہوا۔ آپؑ نے اس رسالہ میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، شاہ نعمت اللہ ولی رحمۃ اللہ علیہ اور سائیں گلاب شاہ صاحب کی پیشگوئیاں درج فرمائیں جن سے حضور علیہ السلام کے دعویٰ کی صداقت ظاہر ہوتی ہے۔

ہندوستان کے اولیاء کاملین میں سے دہلی کے نعمت اللہ ولی مشہور و معروف ہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔ "ان کا زمانہ پانسو ساٹھ ہجری ان کے دیوان کے حوالہ سے بتلایا گیا ہے۔" جو کہ 1164ء بنتا ہے۔ ان کی پیشگوئی شاہ اسماعیل دہلوی کی کتاب مطبوعہ 1828ء أَرْبَعِينَ فِي أَحْوَالِ الْمَهْدِيِّينَ میں بھی موجود ہے۔ پیشگوئی کے کچھ اشعار مع شرح بیان فرمودہ حضرت مسیح موعودؑ حسب ذیل ہیں۔

چوں زمستان بے چمن بگذشت　　　شمس خوش بہارے بینم

یعنی جب کہ تیرھویں صدی کا موسم خزاں گذر جائے گا تو چودھویں صدی کے سر پر آفتاب بہار نکلے گا یعنی مجدد وقت ظہور کرے گا۔

دور او چوں شود تمام بکام　　　پسرش یادگار می بینم

خدائے تعالیٰ اس کو ایک لڑکا پارسا دے گا جو اسی کے نمونہ پر ہوگا اور اُسی کے رنگ سے رنگین ہو جائے گا۔ اور وہ اس کے بعد اس کا یادگار ہوگا۔ یہ در حقیقت اس عاجز کی اس پیشگوئی کے مطابق ہے جو ایک لڑکے کے بارے میں کی گئی ہے۔

احم و دال می خوانم　　　نام آن نامدار می بینم

یعنی کشفی طور پر مجھے معلوم ہوا ہے کہ نام اس امام کا احمد ہوگا۔

مهدي وقت و عیسی دوران　　　هر دو را شهسوار می بینم

"یعنی وہ مہدی بھی ہوگا اور عیسیٰ بھی دونوں صفات کا حامل ہوگا اور دونوں صفات سے اپنے تئیں ظاہر کرے گا۔ یہ آخری شعر عجیب تصریح پر مشتمل ہے جس سے صاف طور پر سمجھا جاتا ہے کہ وہ خدائے تعالیٰ کی طرف سے حکم پا کر عیسی ہونے کا بھی دعویٰ کرے گا اور ظاہر ہے کہ یہ دعوی تیرہ سو برس سے آج تک کسی نے بجز اس عاجز کے نہیں کیا کہ عیسی موعود میں ہوں۔"

شعبہ تعلیم
Département Ta'alim

اب مجذوب گلاب شاہ کی پیشگوئی کے بارہ میں اُن کے شاگرد کریم بخش صاحب کی حلفی تحریر کا کچھ حصہ پیش ہے۔"جن کا نام گلاب شاہ تھا میں ان کی صحبت میں اکثر رہتا اور ان سے فیض حاصل کرتا تھا۔۔اس بزرگ درویش نے ایک دفعہ میرے پاس بیان کیا کہ عیسی جوان ہو گیا ہے اور لدھیانہ میں آوے گا اور قرآن کی غلطیاں نکالے گا اور فیصلہ قرآن کے ساتھ کرے گا۔اور پھر فرمایا کہ فیصلہ قرآن پر کرے گا اور مولوی انکار کریں گے۔۔۔پھر میں نے ان سے پوچھا کہ عیسیٰ جوان تو ہو گیا مگر وہ کہاں ہے؟انہوں نے کہا کہ بیچ قادیان کے (یعنی قادیان میں)۔۔۔پھر انہوں نے تین مرتبہ خود بخود کہا کہ وہ عیسی جو آنے والا ہے اس کا نام غلام احمد ہے۔"

حق کے طالبوں کو مخاطب کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔"توبہ نصوح کر کے رات کے وقت دو رکعت نماز پڑھیں جس کی پہلی رکعت میں سورۃ یٰسین اور دوسری رکعت میں اکیس مرتبہ سورۃ اخلاص ہو۔اور پھر بعد اس کے تین سو مرتبہ درود شریف اور تین سو مرتبہ استغفار پڑھ کر خدا تعالیٰ سے یہ دعا کریں کہ : اے قادر کریم تو پوشیدہ حالات کو جانتا ہے،اور ہم نہیں جانتے اور مقبول اور مردود اور مفتری اور صادق تیری نظر سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔پس ہم عاجزی سے تیری جناب میں التجا کرتے ہیں کہ اس شخص کا تیرے نزدیک کہ جو مسیح موعود اور مہدی اور مجدد الوقت ہونے کا دعویٰ کرتا ہے کیا حال ہے۔کیا صادق ہے یا کاذب اور مقبول ہے یا مردود۔اپنے فضل سے یہ حال رویا یا کشف۔یا الہام سے ہم پر ظاہر فرما۔تا اگر مردود ہے تو اس کے قبول کرنے سے ہم گمراہ نہ ہوں اور اگر مقبول ہے اور تیری طرف سے ہے تو اس کے انکار اور اس کی اہانت سے ہم ہلاک نہ ہو جائیں۔ہمیں ہر ایک قسم کے فتنہ سے بچا کہ ہر ایک قوت تجھ کو ہی ہے۔آمین۔"

اپنے قلمی جہاد کے بارہ میں اس کتاب میں حضور علیہ السلام نے دو دفعہ ذکر کیا۔فرماتے ہیں۔"میں نے قصد کیا ہے کہ اب قلم اٹھا کر پھر اس کو اس وقت تک موقوف نہ رکھا جائے جب تک کہ خدائے تعالیٰ اندرونی اور بیرونی مخالفوں پر کامل طور پر حجت پوری کر کے حقیقتِ عیسویہ کے حربہ سے حقیقت دجالیہ کو پاش پاش نہ کرے۔"

پھر فرمایا۔"اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ امام سلطان القلم ہو گا اور اس کی قلم ذوالفقار کا کام دے گی۔یہ پیشگوئی بعینہ اس عاجز کے اس الہام کا ترجمہ ہے جو اس وقت سے دس برس پہلے براہین احمدیہ میں چھپ چکا ہے اور وہ یہ ہے کتاب الولی ذو الفقار علی۔یعنی کتاب اس ولی کی ذوالفقار علی کی ہے۔"

رسالہ نشان آسمانی کے چھاپنے کیلئے امداد کے جن مخلص صحابہ کی طرف خط لکھے گئے تھے،ان میں سے بعض کے جواب کا خلاصہ شامل اشاعت کیا گیا ہے۔ان میں حضرت مولوی سید تفضل حسین صاحبؓ،حضرت نواب محمد علی خانؓ،حضرت حکیم فضل دین صاحب بھیرویؓ اور حضرت مولوی حکیم نورالدین صاحبؓ کے خطوط شامل ہیں۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔خدائے تعالیٰ اس خصلت اور ہمت کے آدمی اس امت میں زیادہ سے زیادہ کرے ۔آمین ثم آمین۔فرمایا۔

چہ خوش بودے اگر ہر یک زامت نور دین بودے ہمیں بودے اگر ہر دل پر از نور یقین بودے

یعنی کیا ہی اچھا ہوا گر امت کا ہر فرد نور دین جیسا بن جائے، اور ہر ایک کا دل یقین کے نور سے پُر ہو۔

کتاب کے آخر میں 40 نام علماء و فضلاء و صوفیا کے درج ہیں، جنہوں نے حضرت اقدس مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ السلام کو مسیح موعود و مہدی معہود اور مجدد چودھویں صدی تسلیم کیا تھا۔ اور حضرت مسیح ابن مریم عیسی علیہ السلام کو متوفی جان کر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم الانبیاء صدق دل سے مانا تھا۔

شعبہ تعلیم
Département Ta'alim